SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبرI مجریہ 1977

SINDH ACT NO.I OF 1977

آبکاری قانون (سندھ ترمیم) ایکٹ، 1977

THE ABKARI LAWS (SINDH AMENDMENT) ACT, 1977

(CONTENTS) فہرست

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

1. مختصر عنوان اور شروعات

Short title and Commencement

2. 1878 کے سندھ ایکٹ V کی دفعہ 56 کی ترمیم

Amendment of section 56 of Sind Act V of 1878

3. 1940 کے سندھ ایکٹ IV کی دفعہ 22 کی ترمیم

Amendment of section 22 of Sind Act IV of 1940

4. 1960 کے W.P سندھ آرڈیننس II کی دفعہ 16 کی ترمیم

Amendment of section 16 of W.P. Ordinance II of 1960

5. کیسز کی منتقلی

Transfer of cases

6. 1977 کے آرڈیننس نمبر II کی منسوخی

Repeal of Sind Ordinance II of 1977

سندھ ایکٹ نمبرI مجریہ 1977

SINDH ACT NO.I OF 1977

آبکاری قانون(سندھ ترمیم)ایکٹ،1977

THE ABKARI LAWS (SINDH AMENDMENT) ACT, 1977

[06 مئی،1977]

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ آبکاری قانون 1878 سندھ منشیات کے استعمال کی روک تھام کا قانون 1940 اور مغربی پاکستان افیون کے استعمال کی روک تھام آرڈیننس 1960 کے قانون میں مزید ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ آبکاری ایکٹ 1878 سندھ منشیات کے استعمال کی روک تھام کا قانون 1940 اور مغربی پاکستان آفیون کے استعمال کی روک تھام آرڈیننس 1960 میں مندرجہ ذیل ترمیم مقصود ہے۔

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائیگا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and Commencement

1. (1) اس ایکٹ کو آبکاری قانون(سندھ ترمیم)ایکٹ،1977 کہا جائیگا۔

(2) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

1878 کے سندھ ایکٹ V کی دفعہ 56 کی ترمیم
Amendment of section 56 of Sind Act V of 1878

2. سندھ آبکاری ایکٹ، 1878 میں، دفعہ 56 کے لیئے، مندرجہ ذیل کو تبدیل کیا جائیگا:-

جرم کا ازالہ

”اس ایکٹ کے تحت قابل سزا جرم کا کیس فرسٹ کلاس کے مجسٹریٹ کی عدالت کے علاوہ کسی دوسری عدالت کے ذریعے نہیں چلایا جائیگا۔

1940 کے سندھ ایکٹ IV کی دفعہ 22 کی ترمیم
Amendment of section 22 of Sind Act IV of 1940

3. سندھ منشیات کے استعمال کی روک تھام کا ایکٹ، 1940 میں دفعہ 22 کے لیئے مندرجہ ذیل کو تبدیل کیا جائے گا:-

جرم کا ازالہ

”22. (1) اس ایکٹ کے تحت ایک جرم قابل ادراک ہو گا۔

(2) اس ایکٹ کے تحت سزا کے قابل کسی بھی جرم کا کیس فرسٹ میجسٹریٹ کی عدالت کے علاوہ کسی دوسری عدالت میں نہیں چلایا جائے گا۔

1960 کے W.P سندھ آرڈیننس II کی دفعہ 16 کی ترمیم
Amendment of section 16 of W.P. Ordinance II of 1960

4. مغربی پاکستان میں آفیون تمباکو نوشی پر پابندی، آرڈیننس، 1960، جیسا کہ سندھ صوبے میں لاگو ہوتا ہے، دفعہ 16 کے لیئے، مندرجہ ذیل متبادل ہو گا۔

جرم کا ازالہ

”16۔ اس آرڈیننس کی عدالت کے علاوہ کسی دوسری عدالت کے ذریعے نہیں چلایا جائیگا۔

کیسز کی منتقلی
Transfer of cases

5. سندھ آبکاری ایکٹ، 1878، سندھ منشیات کے استعمال کی روک تھام کا

ایکٹ، 1940 اور مغربی پاکستان میں آفیون تمباکو نوشی پر پابندی، آرڈیننس، 1960 کے تحت سزا کے قابل جرائم سے منسلک تمام کیس، جیسا کہ سندھ صوبے پر لاگو ہے اور عدالتوں میں زیر التوا ہیں، آبکاری قانون (سندھ ترمیم) آرڈیننس، 1977 کے نافذ ہونے کے فورًا پہلے سیشنز، ماسوائے ان تمام کیسز کے، جو دلائل یا فیصلے کے لیئے مقرر کیئے گئے ہو، ایسے کیسز میں عدالتی اختیار رکھنے والے فرسٹ کلاس کے میجسٹریٹ کی عدالتوں میں منتقل کیئے جائینگے۔

1977 کے آرڈیننس نمبر II کی منتقلی

Repeal of Sind Ordinance II of 1977

6. آبکاری قانون (سندھ ترمیمی) آرڈیننس، 1977، اس طرح منسوخ کیا جاتا ہے۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔